




## امت سنگھ ٹاٹا کوڈین کھانسی سیرپ معاملے میں گرفتار

وارانسی: (یو این آئی) اتر پردیش کا ضلع وارانسی ان دنوں ممنوعہ کوڈین والی کھانسی کی سیرپ کی اسمگلنگ کے باعث سرخیوں میں ہے۔ لکھنؤ سے اسپیشل ٹاسک فورس (ایس ٹی ایف) اور پولیس نے اس معاملے کے مبینہ ماسٹر مائنڈ شبھم جیسوال کے قریبی ساتھی امت سنگھ ٹاٹا کو جمعرات کی رات گرفتار کرلیا۔ اس گرفتاری کے بعد کھانسی کی سیرپ کے غیر قانونی کاروبار سے وابستہ افراد میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ اسپیشل انوسٹی گیشن ٹیم (ایس آئی ٹی)، فوڈ سیفٹی اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن اور اینٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس (اے این ٹی ایف) کی ٹیمیں مسلسل مختلف فرمز کی جانچ میں مصروف ہیں۔ کاشی زون کے ایڈیشنل پولیس کمشنر سروانن ٹی نے آج بتایا کہ اس معاملے سے متعلق ہر چھوٹے بڑے پہلو کی گہرائی سے تفتیش کی جارہی ہے۔ تمام کڑیوں کو جوڑا جارہا ہے۔ جن کمپنیوں سے ممنوعہ کھانسی کی سیرپ کی خرید وفروخت ہوئی ہے، ان کے کاغذات کی باریک بینی سے جانچ ہورہی ہے۔ پولیس ٹیمیں سون بھدر، جونپور سمیت دیگر اضلاع میں بھی اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث لوگوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔

## آج ووٹ کاٹے جارہے ہیں کل زمین، راشن کارڈ اور ریزرویشن سے نام کاٹے جائیں گے: اکھلیش

لکھنؤ: (پی این ایس) سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ مسٹر اکھلیش یادو نے تمام اپوزیشن جماعتوں اور یہاں تک کہ این ڈی اے کے اتحادیوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ متحد ہوکر ووٹ کاٹنے کی بی جے پی کی بڑی سازش کو بے نقاب کریں۔ بی جے پی سب سے پہلے ان پارٹیوں کو ختم کرے گی جو اسے اپنا حلیف مانتی ہیں۔ اس لئے ہم اپنے ملک کے ہر شہری سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ تمام کام چھوڑ کر SIR کی دھوکہ دہی کو بند کرائیں۔ مسٹر یادو نے کہا کہ یہ جمہوریت کے ساتھ دھوکہ ہے۔ عوام ہوشیار رہیں، آج ووٹ کاٹے جا رہے ہیں۔ کل کھیتوں، زمینوں، مکانات، راشن کارڈ، ذات پات اور ریزرویشن سے نام کاٹے جائیں گے اور پھر معاملہ متوسط طبقے کے کھاتوں اور لاکروں تک پہنچے گا۔ یہ وطن عزیز کے خلاف بہت بڑی سازش ہے جس سے حالات انگریزوں کی غلامی سے بھی بدتر ہوجائیں گے۔ یہ وقت جاگنے اور ووٹ کو بچانے کا ہے۔ یادو نے کہا کہ شکایات موصول ہوئی ہیں



کہ ضلع مجسٹریٹ/ضلع انتخابی افسر، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (انتخابات)، ایس ڈی ایم، ای آر اوز اور سپروائزر تیسرے آپشن کے تحت ووٹروں کی گنتی کے فارم جمع کرانے کے لیے بی ایل اوز پر دباؤ ڈال رہے ہیں۔ تیسرے آپشن کے تحت پہلے اور دوسرے آپشن کے معیار پر پورا اترنے والے ووٹرز کو جمع کراتے ہوئے بی ایل اوز دسمبر 2025 کو مسودہ ووٹر لسٹ کی اشاعت کے بعد لاکھوں ووٹرز کو نوٹس بھیجیں گے اور تصدیق کے لیے ان سے دستاویزات کی درخواست کریں گے۔ نتیجتاً زیادہ تر ووٹروں کے نام 7 فروری 2026 کو حتمی ووٹر لسٹ سے حذف کر دیے جائیں گے۔ مسٹر یادو نے مطالبہ کیا کہ گنتی کے فارموں کو بھرنے سے جڑی بے شمار دشواریوں کے پیش نظر، 9 دسمبر 2025 کو ڈرافٹ رول (ووٹر لسٹ) کی اشاعت میں تین ماہ کی توسیع کی جائے، اور ضرورت کے مطابق نئے گنتی فارم جمع کرانے کی اجازت دی جائے۔ مسٹر اکھلیش یادو نے کہا کہ بی جے پی، اس کی اتحادی جماعتیں، بی جے پی حکومت اور الیکشن کمیشن کے کچھ بدعنوان ارکان پورے انتخابی نظام کو ہائی جیک کر رہے ہیں۔

## مرزاپور: سڑک حادثے میں 4 افراد ہلاک

مرزاپور: (پی این ایس) مرزاپور کا چھوا تھانہ علاقے کے کٹکا اسٹاپ پر وارانسی۔ پریاگ راج روڈ پر جمعہ کی صبح ایک خوفناک سڑک حادثے میں ایک کینسر زدہ باپ اور اس کے بیٹے کی، جو کار میں سفر کر رہے تھے، موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ یہ واقعہ صبح 8 بجے کے قریب اس وقت پیش آیا جب پریاگ راج کے سوراون تھانہ علاقے کے دولت پور کے رہنے والے انوراگ یادو اپنے کینسر سے متاثرہ والد شیام کرشنا یادو کو اپنی سوئفٹ کار میں وارانسی کے مہامنا کینسر اسپتال لے جا رہے تھے۔ وارانسی پریاگ راج لین پر ایک کنٹینر کھڑا تھا، اور اس کا ڈرائیور اور کنڈکٹر چائے پینے کے لیے دوسری لین میں گئے تھے۔ اس وقت انوراگ یادو کی کار بے قابو ہوگئی۔ بے قابو کار نے پہلے کنٹینر کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر کو ٹکر ماری، جو چائے پی کر واپس آ رہے تھے، اور پھر سیدھی کنٹینر سے ٹکرا گئی۔ کار میں سوار شیام کرشنا یادو اور انوراگ یادو کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ شدید زخمی کنٹینر کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر کو فوری طور پر کاچھوا کمیونٹی ہیلتھ سینٹر لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔

## شبیہ رضا باقری پرنسپل شیعہ ڈگری کالج سفید جھوٹ بول کر اپنا نامۂ اعمال سیاہ کر رہے ہیں

لکھنؤ: معروف شیعہ عالم اور ممبر شیعہ کالج بورڈ آف ٹرسٹیز مولانا ظہیر افتخاری نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ ڈاکٹر شبیہ رضا باقری کا اخباری بیان میں نے بغور پڑھا جس میں انہوں نے مسٹر یعسوب، طیب اور اعجاز کی کرتوتوں اور کالے کارناموں کو خدمت، تخریب کو تعمیر اور ان کی جہالت کو علم بتانے کی بھرپور کوشش کی ہے آپ کو یہ بتادوں کہ مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ آپ کی تربیت مسٹر ابوطیب کے اکسلنٹ کوچنگ میں ہوئی ہے اور جب تک آپ پوری طرح ان لوگوں کے ناجائز منافعوں اور رشوت خوری اور بدعنوانیوں کے محافظ بننے کے لئے تیار نہیں ہوگئے تب تک آپ کو پرنسپل شیعہ ڈگری کالج نہیں بنایا گیا آپ کو بنانے کے لئے محترم جناب محمد میاں صاحب جو میتھ کے ہیڈ آف ڈپارٹمنٹ ہیں اہمیت اور صلاحیت کے مالک ہیں سلیکشن کمیٹی میں پیش ہونے کے لئے انتظار کرتے رہے مگر ان کو شرکت کا موقع نہیں دیا گیا اور کئی سینئر لیکچرار کو نظر انداز کرتے ہوئے ان لوگوں نے آپ کو پرنسپل بنادیا اور محمد میاں خوددار آدمی ہیں وہ کہیں نہیں گئے۔ اس صدمہ سے وہ ہارٹ کے مریض ہوگئے مگر وہ آج بھی کالج کی خدمت کو عبادت و وفاداری سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ کالج کے ملازمین اور پارٹ ٹائم پڑھانے والی بہنوں اور بچیوں کو دینے کے



لئے پیسہ نہیں ہے، کئی لوگ پرمانٹ ہونے کی اُمید میں کالج میں چپراسی اور کلرک کی خدمت کم تنخواہ پر کرتے کرتے انتقال کر گئے مگر ان قصی القلب لوگوں کے کان پہ جوں نہ رینگی اور ترس نہ آیا۔

آپ نے جو یہ کہا کہ میں نے بغیر پڑھائے شیعہ عربی کالج کی تنخواہ لی ہے تو یہ بہتان اور الزام ہے میں مستقل عربی کالج میں حاضری دیتا رہا اور طلاب مدارس کو پڑھاتا رہا مگر جب آپ لوگوں نے سازش کے تحت مدرسہ کی گرانٹ بند کردی تو طلاب نے آنا بند کردیا مگر پھر بھی میں کالج آتا رہا جا کے حاضری رجسٹر دیکھ لیں میں نے تو عربی کالج کے چپراسی تک کو قرآن و دینیات پڑھنے کی تشویق دلائی اور پڑھاتا رہا۔ رہی بات قوم کو گمراہ کرنے کی تو میں نہیں آپ قوم کو گمراہ کر رہے ہیں۔ میں نے کبھی نہیں کہا کہ کالج کے سب ٹیچر کلاس نہیں لیتے، میں نے جن لوگوں کے نام لئے ہیں آپ ان لوگوں کی بات کریے۔ میں اپنی بات پر آج بھی قائم ہوں کہ شیعہ کالج، درگاہ حضرت عباس یا کسی بھی عوامی جگہ پر علماء اعجاز اطہر کا فارسی ٹسٹ لے لیں اگر وہ اہل ہوں گے تو میں اپنا عمامہ اتار دوں گا اور اگر ناکام رہے تو آپ اور وہ کرسی چھوڑ دیں۔ اور ڈگریوں کی جانچ اور دیگر بدعنوانیوں میں جو آپ آنکھ بند کر کے ان لوگوں کا ساتھ دے رہے ہیں وہ الگ۔ آخر میں آپ کو میں بحیثیت امپلائر نصیحت اور مشورہ دیتا ہوں کہ پرائے سکون کے لئے اپنی ناک نہ کٹائیں دنیا چند روزہ ہے اور آخرت ابدی ہے۔

## بی جے پی اور الیکشن کمیشن مل کر ملک سے جمہوریت کو ختم کرنا چاہتے ہیں: اجے رائے

دیوریا: (یو این آئی) کانگریس کے صوبائی صدر اجے رائے نے جمعہ کو یہاں الزام لگاتے ہوئے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور الیکشن کمیشن مل کر ملک سے جمہوریت کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ اسی کے خلاف کانگریس 14 دسمبر کو دہلی میں احتجاجی مظاہرہ کرنے جا رہی ہے۔ کانگریس صوبائی صدر رائے نے اتر پردیش کے دیوریا ضلع میں رودر پور علاقے کے گاؤں بنیاپور، مانجھا نارائن میں بی ایل او رنجو دوبے کی المناک موت کے بعد آج ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس کے بعد صحافیوں سے سوال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے میں کئی مقامات پر کام کے دباؤ اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے ووٹر نظر ثانی کے کام میں لگے ملازمین کی المناک اموات ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں ابھی کوئی الیکشن نہیں



ہے، لیکن الیکشن کمیشن آف انڈیا اور حکومت اتنی جلد بازی کیوں کر رہی ہے کہ کام کے دباؤ میں ملازمین کی موت ہو رہی ہے۔ حکومت کو اس پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن جس طرح سے ملازمین کو ہراساں کر رہا ہے، اسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس عمل کے دوران صرف دیوریا کے ہی نہیں، بلکہ کئی دیگر ملازمین نے بھی اپنی جانیں گنوائی ہیں، اس کے باوجود حکومت اور الیکشن کمیشن سنجیدہ نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ جس طرح سے بی جے پی موجودہ سیاسی صورتحال کو اپنے حق میں کرنے کے لیے ووٹ چوری کر رہی ہے، وہ جمہوریت کے لیے بدقسمتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی کو دیکھتے ہوئے 14 دسمبر کو دہلی کے رام لیلا میدان میں کانگریس کی ریلی منعقد کی جا رہی ہے، جس میں ملک بھر سے لوگوں کے آنے کی امید ہے۔ انہوں نے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ووٹر نظر ثانی کی آڑ میں ووٹروں کے نام کاٹے جا رہے ہیں۔ ایسا کر کے بی جے پی سیاست میں اپنے لیے موجود تمام رکاوٹوں کو ختم کر دینا چاہتی ہے، لیکن ہم کانگریس کے لوگ ایسا کسی بھی قیمت پر نہیں ہونے دیں گے۔

## بی ایل او کی اموات پر تعزیتی اجلاس کرے گی آپ: سنجے سنگھ

لکھنؤ: (یو این آئی) عام آدمی پارٹی (عآپ) کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ نے ایس آئی آر کے عمل کے دوران بوتھ لیول افسران (بی ایل او) کی مسلسل ہو رہی اموات کو بی جے پی حکومت اور الیکشن کمیشن کی غیر انسانی دباؤ کی پالیسی کا نتیجہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ اب تک 25 سے زائد بی ایل او کی جان جا چکی ہے، جو کسی بھی جمہوری نظام کے لیے انتہائی سنگین اور تشویشناک صورتحال ہے۔ اس مسئلے پر عآپ نے 30 نومبر کو پورے صوبے میں تعزیتی اجلاس منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جمعہ کو صوبائی دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس میں سنجے سنگھ نے الزام لگایا کہ ایس آئی آر کے نام پر حکومت اور الیکشن کمیشن بی ایل او پر ناممکن اہداف مسلط کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق، یہ انتخابی اصلاحات نہیں، بلکہ جمہوریت کے خلاف ایک منظم جرم ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب انتخابات میں ڈیڑھ سال کا وقت باقی ہے، تب اتنی جلد بازی اور سختی کیوں ہے؟ کیا یہ اپوزیشن اور پسماندہ طبقے کو ووٹر لسٹ سے ہٹانے کی کوئی سیاسی سازش ہے؟ راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ بی ایل او کو مناسب تربیت، وسائل اور انسانی وقت کی حد کے بغیر ہراساں کیا جا رہا ہے۔

## 19 فارماسیوٹیکل فرموں کے خلاف ایف آئی آر، لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت

لکھنؤ: (پی این ایس) کوڈین پر مشتمل کھانسی کے سیرپ اور نشہ آور ادویات (NRX) کی غیر قانونی تجارت کے خلاف کارروائی اتر پردیش میں تیز ہوگئی ہے۔ سنگین بے ضابطگیوں کی وجہ سے، فوڈ سیفٹی اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (ایف ایس ڈی اے) نے وارانسی، سلطان پور، بھدوہی اور پریاگ راج میں 19 فارماسیوٹیکل فرموں کے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی ہے۔ جانچ سے پتہ چلا کہ ان اداروں کے آپریٹرز کے پاس کوڈین پر مشتمل کھانسی کے سیرپ اور دیگر نشہ آور ادویات کی خرید وفروخت سے متعلق ضروری دستاویزات کی کمی تھی۔ رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ یہ فرمیں نشہ آور مقاصد کے لیے یہ ادویات فروخت کر رہی تھیں جو کہ قانون کی صریح خلاف ورزی ہے۔ وارانسی میں، رادھیکا انٹر پرائزز کے پرشانت اپادھیائے، میڈ ریمیڈی کے آکاش پاٹھک، شری ہری فارما کے امت جیسوال، وشوناتھ میڈیکل ایجنسی کے وشال سونکر، سومیا میڈیکل کے سچن پانڈے، شری رام فارما کے گھنشیام، کھٹو فارما کے ابھیو یادو، یال فارما کے ارچین بھائی، بادل کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔

## کانپور میں چلتی بس میں آگ لگ گئی پولیس اہلکاروں نے 35 مسافروں کی جان بچائی

کانپور: (پی این ایس) اتر پردیش کے کانپور میں نوبستہ۔ رامادیوی قومی شاہراہ پر جمعہ کی صبح ایک چلتی بس میں اچانک آگ لگ گئی۔ تھوڑی ہی دیر میں آگ پوری بس میں تیزی سے پھیل گئی جس سے مسافروں کا بچ نکلنا انتہائی مشکل ہوگیا۔ کچھ مسافروں نے خود کو بچانے کے لیے کھڑکیوں سے چھلانگ لگا دی۔ بچ نکلنے والے مسافروں نے حادثے کی اطلاع پولیس کو دی۔ پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی اور اندر پھنسے باقی مسافروں کو نکالا۔ فائر بریگیڈ نے کافی کوشش کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ تاہم اس وقت تک بس مکمل طور پر آگ کی لپیٹ میں آ چکی تھی۔ مسافروں کے مطابق، تقریباً 35 مسافروں کو لے کر ایک بس جمعہ کی صبح تقریباً 30:10 بجے دہلی سے وارانسی جا رہی تھی۔ اسی دوران رامادیوی چوراہے کے قریب بس میں اچانک آگ لگ گئی۔ تھوڑی ہی دیر میں آگ نے پوری بس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ بس کے اندر موجود سامان جلنے لگا۔ جس سے بس میں سوار مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ آگ کے شعلے اور دھواں کئی کلومیٹر دور سے اٹھتا دکھائی دے رہا تھا۔ کچھ مسافروں نے جان بچانے کے لیے کھڑکیوں سے چھلانگیں لگا دیں۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر پھنسے ہوئے مسافروں کو نکالا۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ بس کے اوپر رکھے سامان کی وجہ سے بھیانک آگ لگ گئی۔ اسٹیشن انچارج اجے پرکاش مشرا نے بتایا کہ آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچی اور تمام مسافروں کو باہر نکالا۔ فائر بریگیڈ کی گاڑیوں نے آگ پر مکمل طور پر قابو پالیا۔ آگ لگنے سے ہائی وے پر ٹریفک جام ہوگیا۔ بس کو سڑک کے کنارے لایا گیا۔ آگ لگنے کی وجہ کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

## ہردوئی: شادی میں ڈی جے بند ہونے پر دولہے کے بہنوئی نے چلائی گولی، ایک کی موت

ہردوئی: (پی این ایس) اتر پردیش کے ہردوئی ضلع میں شادی کی تقریب میں ڈی جے بند کرنے پر ہنگامہ اس حد تک بڑھ گیا کہ ایک شخص کی جان چلی گئی۔ یہ واقعہ اترولی تھانہ علاقہ کے تحت شاہ پورہ گاؤں میں پیش آیا۔ شاہ پورہ گاؤں کے رہنے والے ٹیکارام کی منگنی لکھنؤ کے جیہٹا کے رہنے والے وکاس سے ہوئی تھی۔ بارات جمعرات کی رات دیر گئے پہنچی۔ اترولی کے برگدی گاؤں کے امت نے ڈی جے لگایا تھا۔ تقریباً بجے امت نے ڈی جے بند کردیا۔



اس سے ناراض ہوکر دولہا کے بہنوئی آکاش گوتم اور اس کے بڑے بھائی اکھلیش گوتم نے امت سے اسے چلانے کا مطالبہ کیا۔ امت نے انکار کردیا۔ اس کے بعد دونوں بھائیوں نے امت کو دھکا دینا شروع کر دیا۔ تنازعہ بڑھتے دیکھ کر امت نے اپنے والد پتی لال (55) اور بڑے بھائی آشیش کو فون کیا۔ جب اس کے والد اور بھائی آئے تو آکاش گوتم نے ان کے ساتھ بدسلوکی شروع کردی۔ صورتحال یہاں تک بڑھ گئی کہ آکاش نے اپنی پستول نکالی اور پتی لال کو سینے میں گولی ماردی۔ گولی لگنے کے فوراً بعد پتی لال زمین پر گر گیا۔ شادی کے مقام پر افراتفری مچ گئی۔ زخمی پتی لال کو فوری طور پر کمیونٹی ہیلتھ سنٹر، اترولی لے جایا گیا۔ اس کے بعد ڈاکٹروں نے اسے لکھنؤ ریفر کر دیا، لیکن راستے میں ہی اس کی موت ہوگئی۔ واقعے کے بعد شادی کا پورا مقام سنسان ہوگیا۔ ہار پہنانے کی تقریب مکمل ہوچکی تھی لیکن ابھی شادی کی رسمیں شروع نہیں ہوئی تھیں۔ خوفزدہ ہوکر شادی کے مہمان اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔ دولہا اور اس کے اہل خانہ تھانے چلے گئے۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ اشوک کمار مینا، ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایسٹ) اور سی او سندیلا بھاری پولیس فورس کے ساتھ جائے وقوعہ پر پہنچے اور جائے وقوعہ کا معائنہ کیا۔ امت کی شکایت کی بنیاد پر پولیس نے دولہا کے دو بہنوئی آکاش گوتم اور اکھلیش گوتم کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا ہے۔ ایس پی اشوک کمار مینا نے بتایا کہ دونوں ملزمان کی گرفتاری کے لیے کئی ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ انہیں بہت جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ پولیس پورے علاقے میں چھاپے مار رہی ہے۔

## بیٹے نے پھاوڑے سے کیا باپ کا قتل

بہرائچ: (یو این آئی) اتر پردیش کے ضلع بہرائچ کے وشیشور گنج تھانہ علاقے میں ایک دردناک واقعہ پیش آیا جہاں ایک ذہنی طور پر معذور بیٹے نے پھاوڑے سے حملہ کر کے اپنے باپ کو قتل کر دیا۔ اس واردات سے پورے گاؤں میں ہلچل مچ گئی ہے۔ ضلع بہرائچ کے تھانہ وشیشور گنج علاقے کے گاؤں ٹھوریا برئی پُروا کے رہائشی رام بچن چورسیا (65) بدھ کی شام اپنے گھر کے باہر بیٹھے تھے۔ اسی دوران ان کے ذہنی طور پر معذور بیٹے ہزاری لال (30) نے اچانک پھاوڑے سے ان کے سر کے پچھلے حصے پر کئی وار کر دیے، جس سے ان کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔

## بی جے پی کارکن شادی کی تقریب کے دوران خوشی فائرنگ سے ہلاک

بلند شہر: (پی این ایس) اتر پردیش کے بلند شہر ضلع میں شادی کی تقریب کے دوران فائرنگ ایک بی جے پی کارکن کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی۔ چولا تھانے کے علاقے کے خان پور گاؤں میں پیش آنے والے اس واقعے میں بی جے پی کے ایک کارکن دھرمیندر بھاٹی کی گولی لگنے سے موت ہوگئی۔ اطلاعات کے مطابق شیوم کی شادی کا بارات گکوڑ تھانہ علاقہ کے تحت اجے نگر سے خانپور پہنچی تھی۔ یہ واقعہ 27 نومبر کی رات کو پیش آیا، جب شادی کی بارات جاری تھی اور دولہا بدوتی کی تقریب کے لیے دہلیز پر پہنچا تھا۔ دلہن کے خاندان کے ایک رکن سوگریو سولنکی نے اپنے لائسنس یافتہ پستول سے فائر کرنے کی کوشش کی۔ بتایا جاتا ہے کہ پستول بار بار کھینچنے کے باوجود فائر کرنے میں ناکام رہا۔ بندوق غلطی سے چل گئی۔ بی جے پی کارکن اور اجے نگر کے رہنے والے دھرمیندر بھاٹی جو سامنے کرسی پر بیٹھے تھے، کے سینے میں گولی لگی۔ گولی چلنے سے جائے وقوعہ پر افراتفری مچ گئی۔ دھرمیندر بھاٹی کو نوئیڈا کے ایک اسپتال لے جایا گیا، لیکن وہ راستے میں ہی دم توڑ گئے۔ حادثے کے بعد شادی کی خوشی کی تقریب ماتم میں بدل گئی۔ اطلاع ملتے ہی ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس شنکر پرساد اور چولا تھانہ انچارج جائے وقوعہ پر پہنچے۔

## سابق انسپکٹر اور کانسٹیبل کے خلاف غبن کا مقدمہ درج

غازی پور: (پی این ایس) روزگار فراہم کرنے کی آڑ میں 22.78 لاکھ روپے کی دھوکہ دہی کے معاملے میں پولیس کی سنگین لاپرواہی اور ملی بھگت کا سنسنی خیز معاملہ سامنے آیا ہے۔ سی او سٹی شیکھر سینگر کی شکایت پر سٹی کوتوالی کے سائبر پولیس اسٹیشن کے اس وقت کے انچارج انسپکٹر اشوک کمار مشرا اور کانسٹیبل دیپک کمار کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ سی او سٹی نے بتایا کہ بھیلم پور، بھونارکول کے رہنے والے نیرج کمار کو نوکری فراہم کرنے کی آڑ میں ممبئی کی کمپنی 'ترون گلوبل سلوشن' کے مینیجر نے کل 22,78,605 روپے کا دھوکہ دیا۔ سائبر پولیس اسٹیشن میں 26 ستمبر 2024 کو ایک شکایت درج کی گئی تھی۔ جس بینک اکاؤنٹ میں دھوکہ دہی کی گئی رقم جمع کی گئی تھی اسے منجمد کر دیا گیا ہے۔ تحقیقات پر اس اکاؤنٹ میں 468,868 روپے دھوکہ دہی کے طور پر پائے گئے، جو کہ متاثرہ کو دیے جانے چاہیے تھے۔

## موسم میں بدلاؤ کی دستک، فعال ہو رہا ہے ویسٹرن ڈسٹربنس

لکھنؤ: (پی این ایس) اتر پردیش میں موسم میں ایک اور تبدیلی کے آثار ہیں۔ جمعہ سے اتر پردیش میں ہوا کا رخ ایک بار پھر تبدیل ہونے والا ہے۔ مغربی ہواؤں سے ایک بار پھر گرتے ہوئے پارے کو روکنے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اتر پردیش میں یکے بعد دیگرے دو ویسٹرن ڈسٹربنس سرگرم ہو رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں جمعہ سے ریاست میں جنوب مغربی اور مشرقی ہواؤں کے ساتھ ملی جلی ہوائیں چلیں گی۔ جزوی طور پر بادل چھائے رہیں گے اور اگلے تین دنوں میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں تقریباً 2 ڈگری کا اضافہ ہوگا۔ ریاست کو تین دن تک گھنے دھند سے راحت ملے گی۔ جمعرات کی صبح ہلکی دھند نے آگرہ، بریلی، وارانسی، لکھنؤ، امیٹھی، کانپور اور پریاگ راج کو لپیٹ میں لے لیا۔ اٹاوہ سب سے سرد رہا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 7.4 ڈگری سیلسیس رہا۔ اس دوران میرٹھ میں کم سے کم درجہ حرارت 7.5 ڈگری سیلسیس، بارہ بنکی میں 8 ڈگری سیلسیس اور کانپور شہر میں 8.4 ڈگری سیلسیس رہا۔ لکھنؤ کے علاقائی موسمیاتی مرکز کے سینئر سائنس دان اتل کمار سنگھ کا کہنا ہے کہ ویسٹرن ڈسٹربنس، ہوا کی سمت میں تبدیلی اور بادل چھائے رہنے کی وجہ سے ریاست میں زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔ اگلے 2-3 دنوں کے دوران درجہ حرارت میں 2 ڈگری سیلسیس کا اضافہ متوقع ہے۔



لکھنؤ: وزیر مملکت (آزادانہ چارج) کپل دیو اگروال نے علی گنج میں اسکول ڈیولپمنٹ مشن کے ہیڈ کوارٹر میں جائزہ میٹنگ کی۔

## اسکول کے زیر تعمیر برآمدے کی شٹرنگ گری، 5 مزدور دبے

ہاتھرس: (پی این ایس) 28 نومبر کو ہاتھرس کے سہپاؤ میں مدھاپتھو گرام پنچایت کے ناگلا راموجو گاؤں میں نو تعمیر شدہ اسکول کے ایک نئے تعمیر شدہ برآمدے کا شٹرنگ اینٹوں کے ستونوں کے ساتھ اچانک گر گیا۔ برآمدے میں کام کرنے والے 5 مزدور ملبے تلے دب گئے جب کہ دیگر مزدور اور مستری جان بچانے کے لیے فرار ہوگئے۔ حادثے کے بعد گاؤں والوں میں شدید غم وغصہ ہے۔ انہوں نے موقع پر ہی بلاک ایجوکیشن آفیسر (بی ای او) سے مقابلہ کیا اور ٹھیکیدار پر اسکول کی تعمیر میں غیر معیاری مواد استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ ایس ڈی ایم منیش چودھری نے واقعہ کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری طور پر تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دینے کا حکم دیا۔ گاؤں والوں نے قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔

## جعلی ضمانتی ریکٹ کا پردہ فاش

### مؤ پولیس نے 9 افراد کے خلاف درج کیا مقدمہ

مؤ: (پی این ایس) مئو میں جعلی دستاویزات کے ذریعے عدالتوں سے ضمانت حاصل کرنے والے ایک منظم گروہ کا پردہ فاش ہوا ہے۔ کوتوالی پولیس نے اس گروہ کے نو ارکان کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ ایف آئی آر انسپکٹر انچارج انیل کمار سنگھ کی شکایت پر درج کی گئی۔ پولیس کے مطابق یہ گینگ پیسے کے لالچ میں منظم طریقے سے کام کرتا تھا۔ انہوں نے جعلی دستاویزات اور جھوٹے ناموں اور پتے کا استعمال کرتے ہوئے مختلف فوجداری مقدمات میں ملزمان کی ضمانت حاصل کی۔ گروہ کے نامزد ارکان (9 ملزمان) تارادیوی (ساکن ہدھوا، گھوسی)، رام دھاری (ساکن سرائے گوکل، غازی پور) چندر شیکھر (غازی پور کا ساکن)، سمترا عرف ولّی (ساکن راجاپور، غازی پور)، درگ وجے سنگھ (کندھرا پور، اعظم گڑھ کا ساکن)، مشری لال (کندھرا پور، اعظم گڑھ کا ساکن)، رنجنا عرف رینو (ساکن دولت پور، گھوسی)، ادے بھان یادو (ساکن دیگھونیا، اعظم گڑھ)، شنکر (ضمانت دینے والا)۔ فرضی ضمانت کے ایک اور معاملے میں اعظم گڑھ پولیس نے پہلے ہی 13 نومبر کو درگ وجے سنگھ اور مشری لال کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا تھا۔ ملزم رینو عرف رنجنا کے ضامن ادے بھان یادو کے گھر کو تالے لگے ہوئے پائے گئے۔ پڑوسیوں نے بتایا کہ وہ نشے کا عادی ہے اور پیسوں کے عوض نامعلوم ملزمان کی ضمانت کرواتا ہے۔ تارادیوی عرف آنچل کے ضامن، رام دھاری اور چندر شیکھر کے فراہم کردہ پتے پر چھان بین کرنے پر پتہ چلا کہ اس نام یا پتے کا کوئی بھی شخص وہاں نہیں رہتا تھا۔ گاؤں کے سربراہ نے بھی اس کی تصدیق کی۔ انسپکٹر انچارج انیل کمار سنگھ نے بتایا کہ یہ گینگ کئی اضلاع بشمول مؤ، اعظم گڑھ، بلیا اور دیوریا میں کام کرتا تھا، ضمانت حاصل کرنے کے لیے جعلی دستاویزات تیار کرتا تھا۔ اس منظم جرم کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

## ایودھیا میں گری مسجد کی مینار، جے سی بی کر رہی تھی کام

لکھنؤ: (پی این ایس) جمعہ کو رام نگری ایودھیا میں، ایک مسجد کی مینار ڈرائیور کی غلطی کی وجہ سے گر گئی جب اسے مٹی بھرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ ایک مسلمان نوجوان مسجد کے قریب اپنے کھیت میں مٹی بھر رہا تھا۔ ڈرائیور غلطی سے جے سی بی دیوار سے ٹکرا گیا جس سے مینار منہدم ہوگئی۔ یہ حادثہ پرکلندر تھانہ علاقہ کے تحت بھدرسا قصبہ میں پیش آیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس افسران دونوں فریقوں سے بات کر رہے ہیں۔ ایک فریق نے اپنی غلطی تسلیم کرلی ہے۔ ٹاور دوبارہ تعمیر کیا جائے گا۔ پولیس کو موقع پر تعینات کر دیا گیا ہے۔

